## پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

26 ستمبر، 2018

# بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت ہدایات
# یو پی سول سکریٹریٹ پرائمری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، لکھنؤ

ریزرو بینک آف انڈیا نے عوام کے مفاد میں مطمئن ہو کر یہ ضروری سمجھا کہ یو پی سول سکریٹریٹ پرائمری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ لکھنؤ کو کچھ ہدایات جاری کی جائیں اس لئے آر بی آئی نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 35A کی سب سیکشن (I) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ ہدایات دی ہے کہ (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) (اس کے ساتھ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 56 کو بھی پڑھا جائے) 25 ستمبر، 2018 کو کام کے اختتام سے یہ بینک ریزرو بینک کی پیشگی تحریری منظوری کے وہ کسی کو بھی قرض یا ایڈوانس نہ دے گی اور نہ اُن کی تجدید کرے گی۔ نہ وہ انویسٹمنٹ کرے گی اور نہ ہی کوئی ذمہ داری جیسے نئے ڈپازٹس لینا اور فنڈس اُدھار لینا وغیرہ نہیں لے گی۔ وہ کسی بھی طرح کا پے منٹ نہیں دے گی خواہ وہ ذمہ داریوں سے سبکدوشی کے لئے ہو اور نہ ہی پے منٹ کے لئے کوئی ایگریمنٹ کرے گی۔ وہ اپنی کسی بھی پراپرٹی کو یا کسی اثاثہ کو نہ تو فروخت کر سکے گی اور نہ ہی ٹرانسفر کر سکے گی سوائے اُن کے جن کے بارے میں آر بی آئی نے پہلے اجازت دے دی ہو۔

کسی بھی کسٹمر کو جس کا اکاؤنٹ اس بینک میں ہے چاہے وہ سیونگ اکاؤنٹ ہو، کرنٹ اکاؤنٹ ہو یا کسی اور طرح کا اکاؤنٹ ہو ڈپازٹرس کو ایک ہزار روپیہ تک (Rs.1000/-) کی رقم نکالنے کی اجازت دی جاتی ہے شرط یہ ہے کہ اگر ڈپازٹر کی طرف کوئی بینک کی ذمہ داری ہے جیسے وہ بارور ہے یا وہ ضمانت گیر ہے تو سب سے پہلے یہ رقم بارور کے اکاؤنٹ میں ایڈجسٹ کی جائے گی۔

ٹرم ڈپازٹ (میعادی جمع) کی میچوریٹی ہونے پر اُسی نام اور اُسی کیپسیٹی میں تجدید کی جا سکتی ہے۔

ہدایات میں بتائے گئے اجازت شدہ اخراجات ادا کئے جا سکتے ہیں۔

سرکاری/ایس ایل آر اپیروڈ سیکورٹیز میں انویسٹمنٹس کئے جا سکتے ہیں۔

یہ کسی طرح کی ذمہ داری نہ حاصل کریگی اور نہ ہی کوئی ذمہ داری ختم کر سکے گی جب تک خاص طور سے آر بی آئی سے تحریری طور پر اسکی اجازت نہ ملے۔

عوام کے مطالعے کے لئے تفصیلی ہدایات بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دیئے گئے ہیں۔ ریزرو بینک حالات کے مدنظر ان ہدایات میں ترمیمات پر غور بھی کر سکتا ہے۔ ان ہدایات کو ریزرو بینک کے ذریعہ جاری کرنے کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ آر بی آئی نے اس بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کر دیا ہے۔ بینک اپنا سارا کاروبار کچھ پابندیوں کے ساتھ جاری رکھے گا۔ یہ انسٹرکشنس 25 ستمبر، 2018 کے کام کے اختتام سے 6 ماہ کے لئے لاگو رہیں گے۔ یہ انسٹرکشنس وقتاً فوقتاً نظر ثانی کے محکوم ہوں گے۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز 712/2018-2019